# اُردو

# بال بھارتی

تیسری جماعت



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی وکامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

محکمۂ تعلیمات سے منظور شدہ تحت نمبر:

پر۔ش۔س۔/۲۰۱۴-۱۵/۲۲۹۷/منظوری/ڈی-۵۰۵/۱۰۶۲/۱۰رفروری ۲۰۱۴ء



# اُردو

# بال بھارتی

## تیسری جماعت

2HH9ZR

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے ذریعے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور ہر سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس و تدریس کے لیے مفید سمعی و بصری ذرائع دستیاب ہوں گے۔



مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پہلا ایڈیشن : ۲۰۱۴ء
(2014)
آٹھواں ایڈیشن : ۲۰۲۱ء
(2021)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴
نئے نصاب کے مطابق مجلسِ ادارت اور مجلسِ مشاورت نے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

**مجلسِ ادارت :**

- ڈاکٹر سیّد یحییٰ نشیط (صدر)
- سلیم شہزاد (رکن)
- محمد حسن فاروقی (رکن)
- سرفراز آرزو (رکن)
- بیگم ریحانہ احمد (رکن)
- ڈاکٹر محمد الیاس فاضل (رکن)
- خان نوید الحق انعام الحق (رکن سکریٹری)

**مجلسِ مشاورت :**

- احمد اقبال
- مشتاق رضا
- ڈاکٹر قمر شریف
- فاروق سیّد

**Co-ordinator** : Khan Navedul Haque Inamul Haque
Special Officer for Urdu, Balbharati

**Production** : Shri Sachitanand Aphale, Chief Production Officer
Shri Sachin Mehta, Production Officer
Shri Nitin Wani, Assistant Production Officer

**D.T.P. & Layout** : Yusra Graphics,
Shop No. 5, Anamay Building, 305, Somwar Peth, Pune - 411 011

**Artist** : Shri Rajendra Girdhari

**Cover** : Shri Suhas Jagtap

**Paper** : 70 GSM Creamwove

**Print Order** : N/PB/2021-22/5,000

**Printer** : M/S. SOHAIL ENTERPRISES, THANE

**Publisher** : Shri Vivek Uttam Gosavi
**Controller,**
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 400 025

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو

ایک **مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ** بنائیں

اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :

**انصاف**، سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛

**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛

**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،

اور ان سب میں

**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور **قوم کے اتحاد اور سالمیت** کا تیقّن ہو؛

**اپنی آئین ساز اسمبلی میں** آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین

**ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،**

**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

# راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَتَ - بھاگْیہ وِدَھاتا۔

پَنْجاب، سِندُھ، گُجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بَنگ،

وِنْدھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ تَرَنگ،

تَوَشُبھَ نامے جاگے، تَوَشُبھ آ شِس ماگے،
گاہے تَوَجَیَہ گا تھا،

جَنَ گَنَ منگل دَایک جَیَہ ہے،
بھارَتَ - بھاگْیہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

# عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

''بچوں کے لیے لازمی ومفت تعلیم کے حق کا قانون ۲۰۰۹ء'' اور ''درسیات کا قومی خاکہ ۲۰۰۵ء'' کو مدنظر رکھ کر ریاست مہاراشٹر میں ''پرائمری تعلیم کا نصاب ۲۰۱۲ء'' تیار کیا گیا۔ ادارہ بال بھارتی نے تعلیمی سال ۱۴-۲۰۱۳ء سے حکومت مہاراشٹر کے منظور کردہ اس نصاب پر مبنی پہلی سے آٹھویں جماعت کی اُردو زباندانی کی درسی کتابوں کا نیا سلسلہ بتدریج شائع کرنا شروع کر دیا ہے۔ اس سلسلے کی تیسری جماعت کی درسی کتاب آپ کے ہاتھوں میں دیتے ہوئے ہمیں بڑی مسرت ہو رہی ہے۔

تیسری جماعت ابتدائی تعلیم کا تیسرا مرحلہ ہے۔ بچے غیر رسمی طور پر اپنے گھر اور اطراف کے ماحول میں سُنی ہوئی باتیں سمجھ لیتے ہیں اور اپنے خیالات کا اظہار بھی کر سکتے ہیں۔ اسکول میں داخلہ لینے کے بعد بچوں کے زبان سیکھنے کا سلسلہ باقاعدہ شروع ہوتا ہے۔ اس جماعت کے بچے زبان سیکھنے کے پہلے مرحلے سے گزر کر تیسری جماعت میں داخل ہو چکے ہیں۔

ابتدائی جماعتوں کے بچے کم سن ہوتے ہیں۔ ان میں دیکھنے، سننے اور بولنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور اکتساب میں سہولت پیدا کرنے کی غرض سے اس درسی کتاب کو زیادہ سے زیادہ دلچسپ اور مسرت بخش بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے متنِ کتاب میں ایسی مترنم نظموں اور گیتوں کو شامل کیا گیا ہے جنھیں بچے آسانی سے اجتماعی اور انفرادی طور پر گنگنا اور گا سکیں۔ ساتھ ہی ایسی تصویریں متن کے ساتھ شامل ہیں جن سے بچے لطف اندوز ہو سکیں۔ اس کتاب کا مواد انتہائی دلچسپ اور طلبہ کی روزمرہ زندگی سے مربوط ہے اس لیے یقیناً یہ اسباق طلبہ میں مطالعے کا ذوق وشوق پیدا کریں گے۔

ہر سبق کے آخر میں مشقیں بھی دی گئی ہیں جن میں زباندانی کی افہام وتفہیم کے تنوع کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ ان مشقوں میں مواد پر مبنی نیز دیگر تفہیمی سوالات کے ساتھ ساتھ طلبہ کی زباندانی کی مہارتوں کی نشوونما کے نقطۂ نظر سے خود آموزی کی مختلف سرگرمیاں بھی شامل کی گئی ہیں۔ مشق کی غیر معمولی اہمیت کے پیشِ نظر اس کتاب کے ساتھ ساتھ مشقی بیاض بھی شائع کی جا رہی ہے جس میں مزید مشقیں شامل کی گئی ہیں۔ توقع ہے کہ مشقی سوالات حل کرانے میں اساتذہ اور سرپرست بھی دلچسپی کا مظاہرہ کریں گے۔

زیرِ نظر درسی کتاب میں ماحولیات سے متعلق اسباق بھی شامل ہیں۔ درس وتدریس کے دوران اساتذہ اس امر کو ملحوظ رکھیں کہ جماعت میں جو کچھ سکھایا جائے، وہ اسکول سے باہر کی دنیا اور روزمرہ زندگی کے معاملات سے لازمی طور پر مربوط ہو۔

کتاب کو حتی الامکان معیاری اور بے عیب بنانے کے لیے اس کا مسودہ مہاراشٹر کے مختلف علاقوں کے منتخب اساتذہ، ماہرینِ تعلیم اور ماہرینِ زبان کی خدمت میں تبصرہ کے لیے پیش کیا گیا تھا۔ اُن کے پیش کردہ مشوروں اور تجاویز کی روشنی میں مسودے میں ضروری ترمیم کر کے اسے قطعی شکل دی گئی ہے۔

اس موقع پر ادارہ اُردو لسانی کمیٹی کے ان لائق ماہرین کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہے جو نہ صرف اس کتاب کی ترتیب وتدوین سے متعلق سرگرمیوں میں خلوص وتندہی سے مصروف رہے بلکہ اس کتاب کی تیاری کے ہر پہلو سے دلی طور پر وابستہ رہے۔ اِدارہ خصوصی طور پر بشیر احمد انصاری اور سلام بن رزّاق صاحبان کا شکر گزار ہے جن کے گراں قدر تعاون کے بغیر اس کتاب کا مسودہ تکمیل نہ پاتا۔ اسی طرح ان تمام ماہرینِ تعلیم، اساتذہ، مصوّر، مجلسِ ادارت اور مجلسِ عاملہ کا بھی تہِ دل سے شکر گزار ہے جن کے تعاون سے یہ کتاب پایۂ تکمیل کو پہنچی ہے۔ توقع ہے کہ طلبہ، اساتذہ اور سرپرست اس کتاب کا خیر مقدم کریں گے۔



(چندرمنی بورکر)
**ڈائرکٹر**
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

پونہ۔
تاریخ: 20-2-2014

## آموزشی ماحصل - تیسری جماعت

| تجویز کردہ طریقۂ تعلیم | آموزشی ماحصل |
|---|---|
| **تمام طلبہ کو (مخصوص توجہ کے مستحق بچوں کے ساتھ) انفرادی یا اجتماعی طور پر عمل کرنے کے لیے درج ذیل اُمور کی ترغیب دی جائے:**<br>• کہانی، واقعہ، نظم وغیرہ سننے کا موقع فراہم کرنا اور ردِّ عمل کا موقع دینا۔<br>• اپنی زبان میں بولنے، بحث کرنے کی مکمل آزادی اور موقع دینا۔<br>• سنی ہوئی کہانی، نظم، قصہ وغیرہ کو اپنے طریقے میں اور اپنی زبان میں سنانا/ سوالات پوچھنا اور اسی طرح اس میں اپنے خیالات کا اضافہ کرنا۔<br>• آس پاس وقوع پذیر واقعات اور حالات کے بارے میں بچوں کے ذریعے بولی جانے والی زبان میں سنانا۔ از سرِ نو کہانی/ نظم سنانے کا موقع دینا تاکہ ان کی اپنی زبان کو جماعت میں وقعت حاصل ہو اور بچوں کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ ہو اور ان کے اظہارِ خیال کی ترقی کا موقع بھی ملے۔<br>• گوشۂ مطالعہ/ لائبریری میں بچوں کی سطح کے لحاظ سے مختلف زبانوں میں (بچوں کی خود کی زبان/ دیگر زبانوں میں) تفریحی مواد جیسے بچوں کا ادب، بچوں کے پوسٹر، بورڈ، سمعی و بصری وسائل دستیاب کرنا۔<br>• مختلف قسم کی کہانیوں، نظموں وغیرہ کو تصویروں کی مدد سے سمجھنا اور سمجھانا۔<br>• مختلف مقاصد کو ذہن میں رکھ کر درس کے مختلف مراحل کو جماعت میں مناسب مقام دینا۔ جیسے کسی کہانی سے معلومات تلاش کرنا، کسی واقعے یا کردار سے متعلق اپنی منطق یا رائے پیش کرنا وغیرہ۔<br>• سنی ہوئی، دیکھی ہوئی کہانی کو اپنے طریقے سے لکھنا۔<br>• اپنی زبان سیکھنے کے لیے نئے الفاظ اور جملے استعمال کرنا۔<br>• حوالہ اور مقاصد کے لحاظ سے مفید الفاظ اور جملوں کا مطالعہ کر کے ان کو پیش کرنا۔<br>• اپنا خاندان، اسکول، ماحول، کھیل کا میدان، گاؤں کے چوک اس طرح کے موضوعات پر یا خود کے منتخب کردہ عنوانات پر خود کے خیالات لکھ کر ایک دوسرے کو سنانا۔<br>• ایک دوسرے کی لکھی کہانی سننے، پڑھنے اور اس پر اپنی رائے کا اظہار کرنا اور اس میں اپنے خیالات کا اضافہ کر کے مختلف طریقوں سے لکھنا۔ | **طالب علم**<br>03.04.01 سنی ہوئی کہانی، واقعہ، نظم غور سے سنتا ہے اور اپنا ردِّ عمل ظاہر کرتا ہے۔<br>03.04.02 کہانی، نظم وغیرہ کو مناسب اُتار چڑھاؤ، روانی، ترنم اور مناسب لب و لہجے میں سناتا ہے۔<br>03.04.03 سنی ہوئی کہانی، نظم، کردار، عنوان وغیرہ کے بارے میں بات چیت کرتا ہے، سوالات کرتا ہے، اپنا ردِّ عمل ظاہر کرتا ہے، اپنی رائے دیتا ہے اور اپنی رائے کو اپنے اندازِ بیان میں ظاہر کرتا ہے۔<br>03.04.04 اپنے آس پاس وقوع پذیر ہونے والے واقعے اور مختلف حالات میں خود کے مشاہدے بیان کرتا ہے، اس پر مباحثہ کرتا ہے اور سوالات پوچھتا ہے۔<br>03.04.05 کہانی، نظم یا دیگر ادبی اصناف کو سمجھتے ہوئے ان میں ذاتی معلومات کا اضافہ کرتا ہے۔<br>03.04.06 مختلف اصنافِ تحریر (مثلاً اخبار، ادبِ اطفال، اشتہار وغیرہ) سمجھتے ہوئے پڑھنے کے بعد اس پر مبنی سوالات پوچھتا ہے، اپنی رائے دیتا ہے، استاد اور دوستوں کے ساتھ مباحثہ کرتا ہے اور پوچھے ہوئے سوالوں کے جواب تحریری، زبانی صورت اور اشاراتی زبان میں دیتا ہے۔<br>03.04.07 مختلف اصنافِ ادب میں آئے ہوئے نئے الفاظ کے معنی سمجھتا ہے اور ان کے مطلب کا تعین کرتا ہے۔<br>03.04.08 مختلف قسم کی کہانیوں، نظموں وغیرہ اصناف کی خصوصیات پہچان کر ان کا مناسب استعمال کرتا ہے۔ (مثلاً لفظوں کی تشکیلِ نو، اسم، اسمِ عام، علاماتِ اوقاف وغیرہ)<br>03.04.09 کہانیاں سمجھتے ہوئے پڑھتا ہے اور ان پر مبنی سوالات پوچھتا ہے، رائے کا اظہار کرتا ہے، لکھتا ہے، استاد اور دوستوں کے ساتھ مباحثہ کرتا ہے۔<br>03.04.10 خود کی خواہش سے یا معلم/ معلّمہ کی طے کردہ سرگرمیوں میں نئے الفاظ/ جملے کے صحیح اِملا سے آگاہی حاصل کرتے ہوئے مناسب طریقے سے لکھتا ہے۔<br>03.04.11 مختلف مقاصد کے تحت لکھتے وقت حوالے اور مقصد کا خیال رکھتے ہوئے اپنی تحریر میں الفاظ کا انتخاب، جملوں کی بندش اور تحریر کی نوعیت کے مطابق لکھتا ہے جیسے دوست کو خط لکھنا، دیواری اخبار کی تدوین کرنا وغیرہ۔<br>03.04.12 مختلف مقاصد کے تحت موضوعات کو مدِنظر رکھ کر لکھتے وقت اپنی تحریر میں علاماتِ اوقاف (جیسے وقفہ، ختمہ، سوالیہ نشان) کا مناسب استعمال کرتا ہے۔<br>03.04.13 مختلف اصنافِ تحریر (اخبارات، ادبِ اطفال، اشتہار) سمجھتے ہوئے پڑھنا، اس پر اپنی رائے کا اظہار کرنا اور پوچھے ہوئے سوالوں کے جواب تحریری وغیرہ میں دیتا ہے۔ |

# فہرست


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| * | زبانی اور عملی کام کے لیے مواد | | | |
| ✦ | موٹر سائیکل | (نظم) | وفاؔ فرخ آبادی | ۱ |
| ✦ | کتنا اچّھا پھل ہے آم | (نظم) | ماخوذ | ۲ |
| ✦ | ننھّی چیونٹی | | ماخوذ | ۳ |
| ✦ | اتّحاد میں برکت ہے | | نیّر ندیم | ۴ |
| ۱۔ | دعا | (نظم) | ماخوذ | ۶ |
| ۲۔ | حضرت حلیمہؓ | | ڈاکٹر سیّد یحییٰ نشیط | ۸ |
| ۳۔ | میٹھے بول میں جادؤ ہے | | ماخوذ | ۱۱ |
| ۴۔ | سونے والو! جاگو | (نظم) | حفیظؔ جالندھری | ۱۴ |
| ۵۔ | نَو کا چکّر | | شیخ قاسم رضا | ۱۶ |
| ۶۔ | آؤ دستر خوان بِچھائیں | (نظم) | مائلؔ خیر آبادی | ۱۹ |
| ۷۔ | چاند بی بی | | ماخوذ | ۲۱ |
| ۸۔ | سنترا | | ماخوذ | ۲۴ |
| ۹۔ | باغ کی سَیر | (نظم) | شفیع الدین نیّرؔ | ۲۷ |
| ۱۰۔ | لومڑی اور کچھوا | | سلیم شہزاد | ۲۹ |
| ۱۱۔ | ٹیلی فون سے موبائل تک | | بشیر احمد انصاری | ۳۳ |
| ۱۲۔ | اِفطاری | | نور العین علی | ۳۷ |
| ۱۳۔ | مَیں اچّھا بنوں گا | (نظم) | تلوک چند محرومؔ | ۴۱ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| * | زبانی اور عملی کام کے لیے مواد | | | |
| ✧ | نٹ کھٹ بچّی | (نظم) | جگن ناتھ آزاد | ۴۳ |
| ✧ | چوہا اور بِلّی | (نظم) | شمسؔ دیوبندی | ۴۴ |
| ✧ | فقیر کی ایمانداری | | محمد حسن فاروقی | ۴۵ |
| ✧ | دھوبی کی چالاکی | | احمد جمال پاشا | ۴۶ |
| ۱۴۔ | بہادُر جوزف | | مشتاق رضا | ۴۸ |
| ۱۵۔ | سیوا گرام | | محمد احمد فردوسی | ۵۱ |
| ۱۶۔ | اُردو زباں ہماری | (نظم) | حافظ باقویؔ | ۵۴ |
| ۱۷۔ | کوئی کام چھوٹا نہیں | | ماخوذ | ۵۶ |
| ۱۸۔ | دھیرے دھیرے | (نظم) | عطاء الرّحمٰن طارقؔ | ۵۹ |
| ۱۹۔ | سونے کا درخت | | احمد اقبال | ۶۱ |
| ۲۰۔ | کاغذ کی ناؤ | (نظم) | اخترؔ شیرانی | ۶۴ |
| ۲۱۔ | اپنی مدد آپ | | ڈاکٹر جمیل جالبی | ۶۶ |
| ۲۲۔ | ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر | | سلام بن رزّاق | ۶۹ |
| ۲۳۔ | رَس کی کھیر | (نظم) | خلیلؔ محمودی | ۷۲ |
| ۲۴۔ | دِل نہ دُکھے | | ماخوذ | ۷۴ |
| ۲۵۔ | وطن کا گیت | (نظم) | ماخوذ | ۷۸ |